PR.No. 26/2026
**FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN**
******
Islamabad, the 17th July, 2026

**DELEGATION REPRESENTING MINORITY COMMUNITIES OF PAKISTAN VISITS THE FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN ON INTERNATIONAL JUSTICE DAY**

The Federal Constitutional Court of Pakistan (FCCP) today received a distinguished delegation representing Pakistan's religious minority communities on the occasion of International Justice Day, reaffirming the Court's commitment to the constitutional principles of equality, inclusion, justice, and protection of the fundamental rights of all citizens.

The delegation, led by Mr. Samuel Payara, comprised 13 representatives from diverse religious communities, including the Christian, Sikh, Hindu, Sanatan Dharam, Bahá'í, and Kalash communities. The visit was organized following a request submitted by the Implementation Minority Rights Forum (IMRF).

The delegation had a meeting with Hon'ble Mr. Justice Amin-ud-Din Khan, Chief Justice, Federal Constitutional Court of Pakistan, at the Committee Room of the Court. Hon'ble Justice Baqar Ali Najafi and Registrar Muhammad Hafeez Ullah Khan were also present. During the meeting, the Hon'ble Chief Justice warmly welcomed the participants and underscored the constitutional guarantee of equal rights, religious freedom, and access to justice for every citizen, irrespective of faith or background.

The interaction provided an opportunity for an open and meaningful exchange of views on the role of constitutional institutions in safeguarding minority rights, promoting interfaith harmony, and strengthening public confidence in the rule of law. The Hon'ble Chief Justice reaffirmed the Court's unwavering commitment to upholding the Constitution of Pakistan and ensuring the protection and enforcement of fundamental rights guaranteed therein.

Members of the delegation appreciated the opportunity to engage directly with the leadership of the Court and expressed their confidence in the judiciary's role as the guardian of constitutional rights. They also acknowledged the significance of observing International Justice Day through constructive dialogue aimed at fostering inclusivity, mutual respect, and national cohesion.

Following the meeting, souvenirs were presented to the members of the delegation as a gesture of goodwill and appreciation. The visit concluded with a group photograph commemorating the occasion and reflecting the shared commitment to constitutional values, justice, tolerance, and unity.

The Federal Constitutional Court of Pakistan remains steadfast in promoting public engagement and meaningful dialogue with all segments of society to strengthen constitutional awareness and reinforce the principles of justice, equality, and the rule of law across the country.









https://www.facebook.com/share/1Ed4vAEkQj/
https://www.instagram.com/fccp_pakistan
https://x.com/FCCP_pakistan
https://bit.ly/4v7P5ps

**Naila Nazar**
Director Media Affairs
& Public Relations

**بین الاقوامی یومِ انصاف کے موقع پر پاکستان کی مذہبی اقلیتی برادریوں کے وفد کا وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کا دورہ**

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان نے آج بین الاقوامی یومِ انصاف کے موقع پر پاکستان کی مذہبی اقلیتی برادریوں کے ایک ممتاز وفد کا استقبال کیا۔ اس موقع پر عدالت نے آئینِ پاکستان میں درج مساوات، شمولیت، انصاف اور تمام شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ سے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔

مسٹر سیموئیل پیارا کی سربراہی میں 13 رکنی وفد میں مسیحی، سکھ، ہندو، سنتن دھرم، بہائی اور کیلاش برادریوں کے نمائندگان شامل تھے۔ یہ دورہ امپلیمنٹیشن مائنارٹی رائٹس فورم کی درخواست پر منعقد کیا گیا۔

وفد نے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کے چیف جسٹس، جناب جسٹس امین الدین خان سے کمیٹی روم میں ملاقات کی۔ اس موقع پر معزز جسٹس باقر علی نجفی اور رجسٹرار محمد حفیظ اللہ خان بھی موجود تھے۔ معزز چیف جسٹس نے وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ آئینِ پاکستان ہر شہری کو مذہب، عقیدے یا پس منظر سے بالاتر ہو کر مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور انصاف تک یکساں رسائی کی ضمانت دیتا ہے۔

ملاقات کے دوران آئینی اداروں کے کردار، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ اور قانون کی حکمرانی پر عوامی اعتماد کو مزید مضبوط بنانے سے متعلق تفصیلی اور مثبت تبادلۂ خیال ہوا۔ چیف جسٹس نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وفاقی آئینی عدالت آئینِ پاکستان کی بالادستی اور اس میں دیے گئے بنیادی حقوق کے تحفظ اور نفاذ کے لیے اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کرتی رہے گی۔

وفد کے اراکین نے عدالت کی قیادت سے براہِ راست ملاقات کے موقع کو سراہتے ہوئے عدلیہ پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا اور آئینی حقوق کے تحفظ میں عدلیہ کے کلیدی کردار کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے بین الاقوامی یومِ انصاف کی مناسبت سے ایسے تعمیری مکالمے کو قومی یکجہتی، باہمی احترام اور شمولیت کے فروغ کے لیے نہایت اہم قرار دیا۔

ملاقات کے اختتام پر وفد کے اراکین کو یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں۔ بعد ازاں یادگار گروپ فوٹو بنائی گئی، جو آئینی اقدار، انصاف، رواداری، اتحاد اور قومی ہم آہنگی سے مشترکہ وابستگی کی علامت بنی۔

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان معاشرے کے تمام طبقات کے ساتھ مؤثر رابطے اور بامقصد مکالمے کے فروغ کے لیے پرعزم ہے تاکہ آئینی شعور کو مزید مستحکم کیا جا سکے اور ملک بھر میں انصاف، مساوات اور قانون کی حکمرانی کے اصولوں کو فروغ دیا جا سکے۔